# وہاٹ ناؤ کے زیر اہتمام سائبر کانکلیو کا انعقاد، بزنس کے تحفظ اور ڈجیٹل معیشت پر گفتگو

## بزنس کے تحفظ کیلئے سائبر آگاہی اور آن لائن تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے مقصد سے منعقدہ مذاکرہ میں مہاراشٹر اسمبلی کے اسپیکر راہل نارویکر نے بھی شرکت کی

ممبئی (ایجنسی): ڈجیٹل دور میں بزنس کے لئے سائبر آگاہی اور بزنس کے آن لائن تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے مقصد سے وہاٹ ناؤ کے زیر اہتمام ممبئی ایک موثر سائبر کانکلیو کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام کی قیادت وہاٹ ناؤ کی بانی نیتی گوئل اور شریک بانی اکشت کھیتان نے کی۔ سائبر کانکلیو میں سینئر پالیسی سازوں، قانون نافذ کرنے والے اعلیٰ افسران، ماہرین قانون، سائبر بزنس ماہرین اور نوجوانوں نے بھرپور شرکت کی اور سائبر آگاہی، ڈیجیٹل سیکوریٹی اور ابھرتے ہوئے سائبر خطرات پر سنجیدہ تبادلۂ خیال کیا۔

اس کانکلیو کی خاص بات یہ رہی کہ اس میں ۲۲؍ بزنس کالجوں نے شرکت کی جن کے ۷۰۰؍ سے زائد طلبہ نے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا۔ اس موقع پر مہاراشٹر اسمبلی کے اسپیکر راہل نارویکر نے خصوصی شرکت کی اور اپنے خطاب میں کہا کہ ڈیجیٹل دور میں جمہوری اداروں کے تحفظ اور شہریوں کو بااختیار بنانے کے لیے سائبر خواندگی کی اہمیت مقدم ہے۔ اس کے ساتھ ہی معیشت کو فروغ دینے کیلئے بھی سائبر سیکوریٹی انتہائی اہم ہے۔ کانکلیو میں ہریانہ حکومت کے وزیر گورو گوتم بھی شریک ہوئے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ سائبر سکیورٹی کی مہارتیں آج کے دور میں نوجوانوں کے روزگار، کاروبار اور قومی ترقی کے لئے نہایت اہم ہوتی جارہی ہیں۔

اس دوران سائبر جرائم، ڈیجیٹل فریب دہی اور آن لائن خطرات کی بدلتی نوعیت پر روشنی ڈالی گئی اور شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تعاون، ہوشیاری اور آگاہی کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس دوران اعلیٰ پولیس افسران نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ سائبر جرائم بزنس کے پورے ایکو سسٹم کو نقصان پہنچاتے ہیں اس لئے ان پر قابو پا کر ہی ملک کی معیشت کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔

